## باجوڑ ایجنسی کی تحصیل سلارزئی کے ہوٹل میں بم دھماکے پر الطاف حسین کا اظہار مذمت

لندن۔۔۔28، مئی 2011ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے باجوڑ ایجنسی کی تحصیل سلارزئی کے ہوٹل میں بم دھماکے کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے اور دھماکے میں متعدد افراد کی شہادت اور زخمی ہونے پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ بے گناہ عوام کو دہشت گردی کا نشانہ بنانے والے سفاک دہشت گرد انسانیت کے کھلے دشمن ہیں اور ملک کو عدم استحکام سے دوچار کرنا چاہتے ہیں۔انہوں نے کہا کہ دہشت گردوں کا کوئی مذہب نہیں ہے اور وہ نہ صرف کھلی بربریت اور سفاکیت پر یقین رکھتے ہیں بلکہ جہل کی تاریکیوں میں ڈوبے ہوئے ہیں۔انہوں نے بم دھماکے میں شہید ہونے والے افراد کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی اور دعا کی کہ اللہ تعالیٰ شہداء کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور زخمیوں کو جلد و مکمل صحت یابی عطا کرے۔جناب الطاف حسین نے صدر مملکت آصف علی زرداری، وزیراعظم یوسف رضا گیلانی اور وزیر داخلہ رحمان ملک سے مطالبہ کیا کہ باجوڑ ایجنسی کی تحصیل سلارزئی کے ہوٹل میں بم دھماکے کا سختی سے نوٹس لیا جائے، دہشت گردوں کا جلد از جلد قلع قمع کیا جائے اور ملک و قوم کو دہشت گردی کے عفریت سے نجات دلانے کیلئے تمام قومی وسائل اور ذرائع استعمال میں لائے جائیں۔

## شہر میں جرائم پیشہ عناصر کی بڑھتی ہوئی سماج دشمن سرگرمیوں سے کاروباری طبقہ بری طرح سے متاثر ہے، ارکان سندھ اسمبلی

## ٹائر مارکیٹ میں جدید آتشی اسلحہ سے لیس مسلح دہشت گردوں کی جانب سے تاجروں اور دکانداروں کو بھتہ کی پرچیاں تقسیم کرنے اور بھتہ نہ دینے کی پاداش میں سنگین نتائج کی دھمکیوں کا فی الفور نوٹس لیا جائے

## شیر شاہ کباڑی مارکیٹ میں بھی مسلح دہشت گردوں نے بھتہ نہ دینے کی پاداش میں تاجروں کے خون سے ہولی کھیلی اور ماڑی پور میں دوکان پر گرنیڈ پھینک کر تباہ کیا گیا

کراچی۔۔۔28، مئی 2011ء

متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست ارکان سندھ اسمبلی نے ایم اے جناح روڈ پر واقع ٹائر مارکیٹ میں جدید آتشی اسلحہ سے لیس مسلح دہشت گردوں کی جانب سے تاجروں اور دکانداروں کو بھتہ کی پرچیاں دینے اور مطلوبہ رقم نہ دینے پر سنگین نتائج بھگتنے کی دھمکیوں کی سخت ترین الفاظ مذمت کی ہے۔اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ جرائم پیشہ عناصر اسلحہ کے زور پر شہر کی مارکیٹوں میں تاجروں و دکانداروں بھتہ کی پرچیاں تقسیم کررہے ہیں اور بھتہ نہ دینے کی صورت میں انہیں جان سے مارنے اور اہل خانہ کو اغواء کرنے کی دھمکیاں دے رہے ہیں جس کے باعث دکانداروں اور تاجروں میں گہری تشویش اور خوف و ہراس پایا جاتا ہے اور وہ اپنا کاروبار بند کر کے احتجاج پر مجبور ہو چکے ہیں۔انہوں نے کہا کہ شہر میں جرائم پیشہ عناصر کی بڑھتی ہوئی سماج دشمن سرگرمیوں سے کاروباری طبقہ بری طرح سے متاثر ہے اور جو عناصر بھی ان مسلح دہشت گردوں کی سرپرستی کررہے ہیں وہ شہر کی کاروباری اور صنعتی ترقی کا پہیہ جام کرنا چاہتے ہیں۔انہوں نے کہا کہ چند ماہ پہلے بھی شیر شاہ کباڑی مارکیٹ میں بھتہ نہ دینے کی پاداش میں درجنوں مسلح دہشت گردوں نے کھلے عام تاجروں کے خون سے ہولی کھیلی جبکہ ماڑی پور میں بھتہ نہ دینے پر دہشت گردوں نے ایک دکان پر ہینڈ گرنیڈ سے حملہ کیا تھا تاہم ان واقعات کے بعد بھی قانون نافذ کرنے والے اداروں کی جانب سے دکانداروں اور تاجروں کو کسی قسم کا تحفظ فراہم نہ کرنا انتہائی مجرمانہ غفلت ہے جس کی جتنی بھی مذمت کی جائے وہ کم ہے۔حق پرست ارکان سندھ اسمبلی صدر مملکت آصف علی زرداری، وزیراعظم یوسف رضا گیلانی، وفاقی وزیر داخلہ رحمان ملک، گورنر سندھ ڈاکٹر عشرت العباد اور وزیراعلیٰ سندھ سید قائم علی شاہ سے مطالبہ کیا کہ ٹائر مارکیٹ میں دکانداروں کو بھتہ کی پرچیاں تقسیم کرنے اور بھتہ نہ دینے کی پاداش میں سنگین نتائج کی دھمکیوں کا سختی سے نوٹس لیا جائے، جرائم پیشہ مسلح دہشت گردوں کی کھلی غنڈہ گردی کا سلسلہ فی الفور بند کرایا جائے اور دکانداروں اور تاجروں سمیت ان کے کاروبار کے تحفظ کو یقینی بنایا جائے۔

## مقبوضہ کشمیر میں کل جماعتی حریت کانفرنس کے نمائندے آغا حسن بڈ گامی کی نائن زیرو پر رابطہ کمیٹی کے ارکان سے ملاقات

## کشمیریوں کے حوالے سے جناب الطاف حسین کے مئوقف کو سراہا

کراچی۔۔۔28، مئی 2011ء

مقبوضہ کشمیر میں کل جماعتی حریت کانفرنس کے نمائندے آغا حسن بڈ گامی نے گزشتہ روز ایم کیو ایم کے مرکز نائن زیرو عزیز آباد پر رابطہ کمیٹی کے ارکان رضا ہارون اور اشفاق منگی سے ملاقات کی اور قائد تحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے کشمیریوں کے حوالے سے مئوقف کو سراہا۔اس موقع پر آزاد کشمیر قانون ساز اسمبلی میں حق پرست رکن اسمبلی سلیم بٹ اور ایم کیو ایم کشمیر کمیٹی کے اراکین بھی موجود تھے۔ملاقات میں آغا حسن بڈ گامی نے کہا کہ جناب الطاف حسین نے کشمیری عوام کے حق خودارادیت اوران کے حقوق کی جدوجہد کے حوالے سے جو مئوقف اختیار کیا ہے وہ اصولی ہے جس پر جناب الطاف حسین زبردست خراج تحسین کے مستحق ہیں۔اس موقع پر ایم کیو ایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان نے آغا حسن بڈ گامی سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ایم کیو ایم آزاد کشمیر سمیت ملک بھر کے مظلوم عوام کے غصب شدہ حقوق کی عملی جدوجہد کررہی ہے اور جناب الطاف حسین کی قیادت میں کشمیر کا مسئلہ کشمیری عوام کی خواہشات اورامنگوں کے مطابق ہی حل ہوگا۔بعدازاں رابطہ کمیٹی کے ارکان نے آغا حسن بڈ گامی کو ایم کیو ایم کے مختلف شعبہ جات کا دورہ بھی کرایا اس موقع پر آغا حسن بڈ گامی نے ایم کیو ایم کے مختلف شعبہ جات میں نظم وضبط اور کارکردگی کی تعریف کی۔

## قومی میڈیا آزاد کشمیر اسمبلی کے انتخابات کے دوران غیر جانبداری کی روایات کو برقرار رکھے،طاہر کھوکھر

## ماضی میں قومی پرنٹ والیکٹرانک میڈیا نے ایم کیو ایم کی سیاسی سماجی اور فلاحی سرگرمیوں کو بھرپور کوریج دی ہے

## ایم کیو ایم غریب طبقات کی نمائندہ جماعت ہے تشہیری مہم پر خرچ کرنے کے وسائل موجود نہیں،

## میرٹ کی بنیاد پر کوریج دی جائے،قومی میڈیا کے نمائندگان سے بات چیت

اسلام آباد۔۔۔28، مئی 2011ء

آزاد کشمیر قانون ساز اسمبلی میں ایم کیو ایم کے پارلیمانی لیڈر، وزیر سیاحت، کلچر و آثار قدیمہ طاہر کھوکھر نے قومی پرنٹ والیکٹرانک میڈیا سے اپیل کی ہے کہ وہ آزاد کشمیر قانون ساز اسمبلی کے انتخابات میں غیر جانبدار رنہ اور مثبت کردار ادا کرے۔دولت اور پیسے کی سیاست کرنے والی سیاسی جماعتوں کے مقابلے میں غریب اور متوسط طبقات کی نمائندہ جماعت ایم کیو ایم کو بھی اس کے حق کے مطابق کوریج اور جگہ دی جائے۔اسلام آباد میں قومی پرنٹ میڈیا کے نمائندگان کے ساتھ بات چیت کرتے ہوئے وزیر سیاحت نے کہا کہ آزاد کشمیر اور پاکستان کے پرنٹ والیکٹرانک میڈیا نے ہر دور میں مثبت کردار ادا کیا ہے ایم کیو ایم کی سیاسی، سماجی اور فلاحی سرگرمیوں کو بھرپور انداز میں اجاگر کیا ہے۔آزاد کشمیر میں ایم کیو ایم کی جانب سے سیاحت کے فروغ کے سلسلے میں ہونے والے اقدامات میں قومی میڈیا کی بھرپور رہنمائی اور تعاون حاصل رہا ہے۔انہوں نے اس امید کا اظہار کیا ہے آزاد کشمیر اسمبلی کے آئندہ انتخابات کے دوران بھی میڈیا اپنی روایات کو برقرار رکھتے ہوئے ملک کے 98 فیصد غریب اور متوسط عوام کی تحریک کو بھی میرٹ کی بنیاد پر کوریج دیں گے۔انہوں نے کہا کہ ایم کیو ایم غریبوں کی جماعت ہے اور دوسری جماعتوں کی طرح اشتہار بازی جیسی چیزوں پر کروڑوں روپے خرچ کرنے کی صلاحیت نہیں رکھتی اور اپنے محدود وسائل کے اندر رہتے ہوئے ملک کے غریب اور پسے ہوئے افراد کی آواز بلند کرتی ہے۔

## ایم کیو ایم مظفر آباد ایلڈرز ونگ کا قیام،مولانا عبدالقیوم انچارج مقرر

## مختلف برادریوں کے بزرگوں اور سنیئر سٹیزنز پر مشتمل ایلڈرز ونگ کمیٹی تشکیل دے دی گئی

مظفر آباد۔۔۔28، مئی 2011ء

مظفر آباد میں متحدہ قومی موومنٹ ایلڈرز ونگ کمیٹی کا قیام مولانا عبدالقیوم انچارج، عبدالرحیم جوائنٹ انچارج جبکہ سلیم احمد اور قاری محمد شاہنواز ممبران مقرر، تفصیلات کے مطابق متحدہ قومی موومنٹ رابطہ کمیٹی کی ہدایت پر مظفر آباد میں ایم کیو ایم ایلڈرز ونگ کے قیام کے سلسلہ میں مظفر آباد کی مختلف برادریوں سے تعلق رکھنے والے بزرگوں اور سنیئر سٹیزنز پر مشتمل کمیٹی قائم کردی گئی ہے۔کمیٹی کے قیام کے موقع پر صوبائی تنظیمی کمیٹی کے ارکان عابد زیدی، ارشاد ظفیر، حق پرست ممبران قومی اسمبلی سید آصف حسنین، اور سفیان یوسف کے علاوہ ایم کیو ایم کے مقامی ذمہ داران بھی موجود تھے۔دریں اثناء ضلع مظفر آباد کے مختلف علاقوں اور برادریوں سے رکھنے والے افراد نے ممبران صوبائی تنظیمی کمیٹی وممبران قومی اسمبلی سے ملاقات کی اور انتخابات کے دوران ایم کیو ایم کی بھرپور حمائت کا یقین دلایا۔

## سردار گل خنداں کا بیان ان کی جاگیردارانہ سوچ کی عکاسی ہے، ایم کیو ایم

## جس شخص کا بیٹا جاگیردارانہ نظام سے بغاوت کرکے ایم کیو ایم میں شامل ہوجائے وہ اسی طرح کے بیان دے سکتا ہے

## ایم کیو ایم پسے ہوئے طبقات کی نمائندہ جماعت ہے جو تمام فیصلے حیثیت کے بجائے قابلیت کی بناء پر کرتی ہے، رکن صوبائی تنظیمی کمیٹی حسن عالم ایڈوکیٹ

اسلام آباد ۔۔۔28، مئی 2011ء

متحدہ قومی موومنٹ صوبائی تنظیمی کمیٹی کے رکن حسن عالم ایڈوکیٹ نے کہا ہے کہ وادی نیلم میں ایم کیو ایم کی بڑھتی ہوئی مقبولیت سے خائف نام نہاد سیاسی قائدین ایم کیو ایم کے خلاف بازاری زبان استعمال کررہے ہیں ۔ایم کیو ایم غریب متوسط اور پسے ہوئے طبقات کی جماعت ہے جو شائستہ اور مہذب انداز سیاست کی قائل ہے ۔ٹرک ڈرائیور، ٹیکسی ڈرائیور، حجام، اور موچی سب ہمارے معاشرے کا حصہ ہیں اور انہیں نظر انداز کرکے کوئی بھی سیاسی عمل مکمل نہیں ہوسکتا، سردار گل خنداں کا بیان ان کی جاگیردارانہ سوچ کی عکاسی کرتا ہے، وہ ایم کیو ایم کے خلاف بیان بازی سے قبل اپنے گھر کی خبر لیں ۔جس شخص کا بیٹا اپنے باپ کی جاگیردارانہ سوچ سے بغاوت کرکے ایم کیو ایم میں شامل ہو چکا ہو وہ اسی طرح کی زبان استعمال کرسکتا ہے ۔وادی نیلم سے مسلم کانفرنس کے امیدوار اسمبلی سردار گل خنداں کے ایک بیان پر ردعمل کا اظہار کرتے ہوئے صوبائی تنظیمی کمیٹی کے رکن نے کہا کہ وادی نیلم محبت کرنے والے لوگوں کی سرزمین ہے جس پر ایک عرصہ سے جاگیردارانہ سوچ کے حامل نام نہاد سیاسی قائدین کا قبضہ ہے مگر اب ایم کیو ایم کی بدولت نیلم ویلی کے عوام میں جاگیردارانہ سوچ کے خلاف بغاوت پیدا ہوگئی ہے، ایم کیو ایم کے خلاف بیان بازی کرنے والے سردار گل خنداں کے بیٹے سمیت ان کے خاندان کے متعدد افراد ایم کیو ایم میں شامل ہوچکے ہیں ۔اس صورت حال میں ان کی طرف سے ایم کیو ایم کے خلاف منفی پروپیگنڈہ فطری عمل ہے ۔انہوں نے کہا کہ ایم کیو ایم کی خاصیت ہے کہ وہ کبھی دولت، معاشی حیثیت یا پیشے کو مدنظر رکھ کر فیصلے نہیں کرتی بلکہ قابلیت کی بناء پر ہر طبقہ کے افراد کو ان کا حق دیتی ہے ۔غریب اور پسے ہوئے طبقات میں اس سوچ کی مقبولیت سے جاگیردارانہ سوچ کی حامل جماعتوں کے اوسان خطا ہو گئے ۔

## وادی نیلم:، مقامی پولیس نے ایم کیو ایم کے جھنڈے اور بینر پھاڑ دیے، ایم کیو ایم کا شدید احتجاج

## جورا باندی پولیس چوکی کی حدود میں لگائے گئے بینز اور پوسٹر پولیس کی مبینہ نگرانی میں اتارے گئے

## آئی جی آزاد کشمیر سیاسی معاملات میں مداخلت کرنے والے پولیس اہلکاروں کے خلاف کارروائی کرے، جوائنٹ انچارج عبدالقیوم

وادی نیلم ۔۔۔28، مئی 2011ء

ایم کیو ایم کی بڑھتی ہوئی مقبولیت سے خائف عناصر نے پولیس اور انتظامیہ کے ذریعے ضلع نیلم میں ایم کیو ایم کے پوسٹر جھنڈے اور بینر پھاڑ دیے، ایم کیو ایم کا شدید احتجاج ذمہ دار پولیس اہلکار کے خلاف کارروائی کا مطالبہ تفصیلات کے مطابق ضلع نیلم کے علاقے ، جورا باندی میں قائم پولیس چوکی کی حدود میں لگائے گئے ایم کیو ایم کے جھنڈے بینز اور پوسٹر پھاڑ دیے، مبینہ طور پر مقامی پولیس چوکی کی نگرانی میں رات کی تاریکی میں بینرز اتارے گئے ہیں ۔ایم کیو ایم مظفر آباد زون کے جوائنٹ انچارج عبدالقیوم خان نے بینر پھاڑنے اور جھنڈے اتروانے کی اقدام کی شدید مذمت کرتے ہوئے اس میں ملوث پولیس اہلکاروں کے خلاف کارروائی کا مطالبہ کیا ہے، اپنے ایک بیان انہوں نے آئی جی آزاد کشمیر سے مطالبہ کیا ہے کہ ضلع نیلم میں فرائض منصبی سے ہٹ کر سیاسی معاملات میں مداخلت کرنے اور سیاسی جماعتوں کے ہاتھوں کٹ پتلی بننے والے پولیس اہلکاروں کے خلاف کارروائی کی جائے ۔

## ممتاز عالم دین مولانا اسد دیوبندی کی علالت پر الطاف حسین کا اظہار تشویش، عوام صحت یابی کیلئے اللہ تعالیٰ کے حضور دعا کریں

لندن۔۔۔28، مئی 2011ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ممتاز عالم دین مولانا اسد دیوبندی کی علالت پر گہری تشویش کا اظہار کیا ہے اور ان کی جلد صحت یابی کیلئے دعا کی ہے ۔ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے حق پرست ماؤں، بہنوں، بزرگوں اور کارکنان سے اپیل کی کہ وہ بھی مولانا اسد دیوبندی کی جلد و مکمل صحت یابی کیلئے اللہ تعالیٰ کے حضور خصوصی دعا کریں ۔

## ایم کیوایم کے کارکنان سے رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی:۔۔۔28 مئی،2011ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم متحدہ آرگنائزنگ کمیٹی اورنگی سیکٹر یونٹ 1 کے کارکن محمود خٹک کے والد خان بادشاہ اور ایم کیوایم سکھر زون یوسی مہران 36 کے کارکن طاہر علی خان کی والدہ محترمہ سلطانہ نگار کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی ، رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگوار لواحقین کو صبر جمیل عطا کرے۔(آمین)

## متحدہ قومی موومنٹ ٹنڈو والہ یار زون کے تحت اولڈ گرلز ہائی اسکول قلعہ ایریا کے مقام پر جنرل ورکرز اجلاس کا انعقاد کیا گیا

## ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین نے لندن سے براہ راست فکر انگیز ٹیلی فونک خطاب

ٹنڈو والہ یار:28 مئی 2011ء

متحدہ قومی موومنٹ ٹنڈو والہ یار زون کے تحت اولڈ گرلز ہائی اسکول قلعہ ایریا کے مقام پر جنرل ورکرز اجلاس کا انعقاد کیا گیا جس میں ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین نے لندن سے براہ راست فکر انگیز ٹیلی فونک خطاب کیا۔اس موقع پر اندرون سندھ تنظیمی کمیٹی کے رکن فاروق جمیل درانی، زونل انچارج سید محمد علی شاہ واراکین زونل کمیٹی ،شعبہ خواتین، یونٹس اور مختلف شعبہ جات کے ذمہ داران اور ہزار ہا کی تعداد میں مختلف قومیتوں ، مذہبی اقلیتوں اور مسلکوں سے تعلق رکھنے والے کارکنان نے بھرپور جوش اور ولولے کے ساتھ شرکت کی ۔جنرل ورکرز اجلاس سے قائد تحریک الطاف حسین کے خطاب کے سلسلے میں پنڈال میں سامنے کی جانب فرشی اسٹیج بنایا گیا تھا۔اسٹیج پر ایک بڑی اسکرین لگائی تھی جس پر ’’ قائد تحریک جناب الطاف حسین کا فکر انگیز ٹیلیفونک خطاب‘‘، کے الفاظ جلی حروف میں تحریر تھے۔پنڈال کو متحدہ قومی موومنٹ کے سہ رنگی پرچموں اور قائد تحریک الطاف حسین کی تصاویر سے سجایا گیا تھا۔اجلاس میں موجود شرکاء کیلئے فرشی نشستوں کا اہتمام کیا گیا تھا۔جبکہ اسٹیج کے دائیں جانب پرنٹ اور الیکٹرانک میڈیا سے تعلق رکھنے والے معزز صحافی حضرات کیلئے پریس گیلری بنائی گئی تھی ۔اجلاس میں کارکنان کی آمد کا سلسلہ سر شام سے ہی شروع ہوگیا تھا اور مقررہ وقت سے قبل ہی پنڈال کارکنان سے کچھا کچھ بھر گیا جس کے نتیجے میں گراؤنڈ میں جگہ کم پڑ جانے کی وجہ سے متصل گلی میں کارکنان کے بیٹھنے کا انتظام کیا گیا اور کارکنان کی ایک بڑی تعداد نے متصل گلیوں میں بیٹھ کر جناب لطاف حسین کا خطاب سماعت کیا ۔جنرل ورکرز اجلاس کے شرکاء ٹولیوں اور جلوسوں کی شکل میں پنڈال میں داخل ہوتے رہے اس موقع پر انہوں نے اپنے ہاتھوں میں ایم کیوایم کے پرچم اور قائد تحریک الطاف حسین کی دیدہ زیب پورٹریٹس ہاتھوں میں تھامی ہوئی تھیں ۔اور وہ پرجوش انداز میں قائد تحریک الطاف حسین اور ایم کیوایم کے حق میں فلک شگاف نعرے لگا کر اپنے جذبات کرتے رہے ۔اس دوران پنڈال میں ایم کیوایم کے تنظیمی ترانوں اور نغموں کی ریکارڈنگ پر کارکنان نے والہانہ انداز میں رقص بھی کیا۔ ٹھیک 8:00 بجے اسٹیج سے ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین کی ٹیلی فون پر آمد کا اعلان ہوا تو شرکاء نے جوش وخروش کی لہر دوڑ گئی اس موقع پر ایم کیوایم کا مشہور ترانہ ’’ساتھی مظلوموں کا ساتھی ہے الطاف حسین‘‘ کی ریکارڈنگ بجائی گئی جس کا شرکاء نے اپنی نشستوں سے کھڑے ہوکر تالیوں کی گونج میں بھرپور ساتھ دیا اس موقع پر شرکاء نے ’’ہم نہ ہوں ہمارے بعد......الطاف الطاف‘‘ ’’ہے نقیب انقلاب۔۔۔الطاف الطاف‘‘ ’’ہم کارکن کس کے۔۔۔قائد کے‘‘ ’’ہمیں منزل نہیں رہنما چاہئے‘‘ ’’نعرہ نعرہ الطاف‘‘ جئے الطاف جئے متحدہ‘‘ ’’قائد پر ہے جاں نثار۔۔۔۔ٹنڈو والہ یار،ٹنڈو والہ یار‘‘ اور دیگر فلک شگاف نعرے لگائے جس کا سلسلہ کافی دیر تک جاری رہا۔

## میر پورخاص زون کے تحت بلدیہ کمپلیکس میں جنرل ورکرز اجلاس منعقد ہوا
## قائد جناب الطاف حسین کا لندن سے براہ راست ٹیلی فونک خطاب

میر پورخاص:۔۔۔۔28 مئی، 2011ء

متحدہ قومی موومنٹ میر پورخاص زون کے تحت بلدیہ کمپلیکس میں جنرل ورکرز اجلاس منعقد ہوا۔جس سے ایم کیوایم قائد جناب الطاف حسین نے لندن سے براہ راست ٹیلی فونک خطاب کیا۔اس موقع پر ایم کیوایم اندورن سندھ تنظیمی کمیٹی کے رکن اور صوبائی وزیر برائے دیہی ترقی زبیر احمد خان، حق پرست رکن سندھ اسمبلی فہیم احمد الطافی، میر پورخاص کے جوائنٹ زونل انچارجز محمد عارف، محمد خالد مجید، واراکین زونل کمیٹی سمیت میر پورخاص زون کے ذیلی یونٹوں کے ذمہ داران وکارکنان نے ہزاروں کی تعداد میں شرکت کی ۔جنرل ورکرز اجلاس میں شرکت کرنے کیلئے ایم کیوایم میر پورخاص زون کے ذمہ داران وکارکنان دوپہر ہی سے جلسہ گاہ پہنچنا شروع ہوگئے تھے۔جلسہ گاہ میں موجود شرکاء کا جوش وخروش قابل دید تھا جیسے ہی قائد تحریک الطاف حسین کا ٹیلی فون پر آمد کا اعلان ہوا ایم کیوایم کے کارکنان میں خوشی کی لہر دوڑ گئی اور شرکاء نے انتہائی پرجوش انداز میں فلک شگاف نعرے لگا کر اپنے قائد تحریک الطاف حسین کا استقبال کیا اور نظم وضبط کا مظاہرہ کرتے ہوئے اپنے قائد کا فکر انگیز خطاب انتہائی توجہ کیساتھ سنا۔

## کھیلوں کا انعقاد معاشرے میں مثبت رویوں کو جنم دیتا ہے اور صحت مند معاشرے ہی ملک وقوم کی خدمت کرتے ہیں،محمد شریف
## حق پرست قیادت کے فنڈ سے اسپورٹس کی فلاح و بہود کیلئے بہت سے ترقیاتی کام جاری ہیں رکن قومی اسمبلی صلاح الدین
## شاندار کرکٹ ٹورنامنٹ کے انعقاد پر ملک برداری کو مبارک باد پیش کرتا ہوں رکن سندھ اسمبلی اکرم عادل

حیدرآباد۔۔۔۔28 مئی، 2011ء

کھیلوں کا انعقاد معاشرے میں مثبت رویوں کو جنم دیتا ہے اور صحت مند معاشرے ہی ملک وقوم کی خدمت کرتے ہیں ۔ان خیالات کا اظہار متحدہ قومی موومنٹ حیدرآباد کے زونل انچارج محمد شریف نے پریٹ آباد میں ملک برداری کی جانب سے ہونے والے کرکٹ ٹورنامنٹ کے افتتاحی میچ کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا تقریب میں رکن زونل کمیٹی مبین احمد، حق پرست رکن قومی اسمبلی صلاح الدین اور حق پرست رکن سندھ اسمبلی اکرم عادل نے شرکت کی انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم نے ہمیشہ ملک میں کھیلوں کے فروغ پر توجہ دی ہے اور نوجوانوں کو ملک کی ترقی اور خوشحالی میں اپنا کردار ادا کرنے کیلئے مواقع فراہم کئے ۔تقریب سے رکن قومی اسمبلی صلاح الدین نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ قائد تحریک الطاف حسین نے ہمیشہ حق پرست قیادت کو اسپورٹس سے وابستہ افراد کی خدمت اور انکے لئے بہتر سے بہتر مواقع فراہم کرنے کی تاکید کی ہے۔انہوں نے کہا کہ حق پرست قیادت کے فنڈ سے اسپورٹس کی فلاح و بہود کیلئے بہت سے ترقیاتی کام جاری ہیں اور یہ سب قائد تحریک کی تعلیمات کا نتیجہ ہے۔تقریب سے رکن سندھ اسمبلی اکرم عادل نے شاندار کرکٹ ٹورنامنٹ کے انعقاد پر ملک برداری کو مبارک باد پیش کرتے ہوئے کہا کہ کھیلوں کے فروغ میں اپنے کردار ادا کرنے والے افراد معاشرے میں پیدا ہونے والی خرابیوں کا خاتمہ کرنے کا سبب بنتے ہیں۔

☆☆☆☆☆